Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Jab Asghar-e-Masoom Ki Gardan Pe Laga Teer

جب اصغر معصوم کی گردن پہ لگا تیر

Marsiya by Mir Khaliq

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Jab Asghar-e-masoom ki gardan pe laga teer	جب اصغر معصوم کی گردن پہ لگا تیر
Aur shah ke bazu mein bhi paiwast hua teer	اور شاہ کے بازو میں بھی پیوست ہوا تیر
Haathon pe tarapne laga bachcha bhi jo kha teer	ہاتھوں پہ تڑپنے لگا بچہ بھی جو کھا تیر
Shah ne kaha is pyaase ko tha maarna kya teer	شہؑ نے کہا اس پیاسے کو تھا مارنا کیا تیر
Kab hum ne kaha tha ke zabardasti se len ge	کب ہم نے کہا تھا کہ زبردستی سے لیں گے
Itna hi kaha hota ke hum paani na den ge	اتنا ہی کہا ہوتا کہ ہم پانی نہ دیں گے

When the arrow struck the neck of innocent Asghar
and the arrow went into the King's arm as well,
and the child, struck by the arrow, began to writhe in his hands,
the King (a) said, 'Was there any need to shoot an arrow at this thirsty child?
When did I say that I would take it by force?
You need only have said, "We will not give water."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

2

Ye jaante to kheme se laate na use hum
یہ جانتے تو خیمے سے لاتے نہ اسے ہم

Tum ne hamen mahjoob kiya Bano se is dam
تم نے ہمیں محجوب کیا بانو سے اس دم

Ye kehte the malaoonon se ba deeda-e-pur nam
یہ کہتے تھے ملعونوں سے بادیدہ پرنم

Jo haathon pe masoom tarap kar hua be dam
جو ہاتھوں پہ معصوم تڑپ کر ہوا بے دم

Farmaya use pehlu-e-Akbar mein lita kar
فرمایا اسے پہلوئے اکبر میں لٹا کر

Tum dariyo na ab hum bhi yaheen sote hain aa kar
تم ڈریو نہ اب ہم بھی یہیں سوتے ہیں آکر

Had I known this, I would not have brought him from the tent;
you have shamed me before Bano at this hour.'
He was saying this to the accursed with tearful eyes
when the innocent one writhed in his hands and breathed his last.
Laying him down beside Akbar, he said,
'Do not be afraid; I too am coming to sleep here now.

3

Bin maan tum akele kabhi soye nahin Asghar
بن ماں تم اکیلے کبھی سوئے نہیں اصغر

Jangal mein akela tumhen chhoroon ga main kyun kar
جنگل میں اکیلا تمہیں چھوڑوں گا میں کیوں کر

Phir qible ki janib ye kaha haath utha kar
پھر قبلے کی جانب یہ کہا ہاتھ اٹھا کر

Sab fani hain tu baqi hai ae Khaliq-e-Akbar
سب فانی ہیں تو باقی ہے اے خالق اکبر

Kya kya hue mujh par hain sitam ahl-e-jafa se
کیا کیا ہوئے مجھ پر ہیں ستم اہل جفا سے

Par paaon nahin mera diga raah-e-raza se
پر پاؤں نہیں میرا ڈگا راہ رضا سے

Asghar, you have never slept alone without your mother;
how could I leave you alone in the wilderness?'
Then he raised his hands towards the qibla and said:
'All things perish, You alone remain, O greatest Creator;
what cruelties the cruel have done to me!
Yet my foot has not slipped from the path of acceptance.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

4

Kaam aaye teri raah mein ansar bhi saare
Aur bete jo Zainab ke the beton se bhi pyare
Wo donon meri aankhon ke aage gaye maare
Sar par mere sar beton ne Muslim ke bhi maare
Gar koi mera yaar-o-madadgar nahin hai
Juz teri madad kuchh mujhe darkar nahin hai

کام آئے تری راہ میں انصار بھی سارے
اور بیٹے جو زینب کے تھے
بیٹوں سے بھی پیارے
وہ دونوں مری آنکھوں کے آگے گئے مارے
سر پر مرے سر بیٹوں نے مسلم کے بھی مارے
گر کوئی میرا یار و مددگار نہیں ہے
جز تیری مدد کچھ مجھے درکار نہیں ہے

All my companions too have fallen in Your way,
and Zainab's sons, dearer to me than my own sons:
both of them were killed before my eyes;
Muslim's sons too laid down their heads for mine.
If I have no friend or helper left,
I need nothing but Your help.

5

Jab mere azizon pe chali zulm ki talwar
Banda yahi kehta raha jo marzi-e-Ghaffar
Qasim se bhi jab pyare bhateeje ko liya maar
Aur nahr pe maare gaye Abbas-e-alamdar
Bhai ke liye pehle to rota tha qalaq mein
Phir samjha ke behtar yahi hoga mere haq mein

جب میرے عزیزوں پہ چلی ظلم کی تلوار
بندہ یہی کہتا رہا جو مرضی غفار
قاسم سے بھی جب پیارے بھتیجے کو لیا مار
اور نہر پہ مارے گئے عباس علمدار
بھائی کے لیے پہلے تو روتا تھا قلق میں
پھر سمجھا کہ بہتر یہی ہوگا مرے حق میں

When the sword of oppression fell upon my kin,
Your servant kept saying only, 'As the Forgiving wills';
when they killed even so dear a nephew as Qasim,
and Abbas the standard-bearer was killed at the river,
at first I wept for my brother in anguish,
then I understood that this would be best for me.

Free to read, copy and share

6

Neza Ali Akbar ki jo chhaati mein laga tha
نیزہ علی اکبر کی جو چھاتی میں لگا تھا

Rota hua main laash pe us ki to gaya tha
روتا ہوا میں لاش پہ اس کی تو گیا تھا

Hamshakl Muhammad ka wo farzand mera tha
ہمشکل محمدؐ کا وہ فرزند مرا تھا

Teri hi inayat thi mera sach hai ke kya tha
تیری ہی عنایت تھی مرا سچ ہے کہ کیا تھا

Thi mujh ko jo manzoor khushi Ibn-e-Ali ki
تھی مجھکو جو منظور خوشی ابن علیؑ کی

Atharah baras aur ziyarat ki Nabi ki
اٹھارہ برس اور زیارت کی نبیؐ کی

When the spear struck Ali Akbar's chest,
I went weeping to his body;
that son of mine was the likeness of Muhammad (s);
it was all Your favour; truly, what had I of my own?
As the happiness of the son of Ali (a) was granted me,
I looked upon the Prophet (s) for eighteen years more.

7

Asghar bhi mera ho gaya teeron ka nishana
اصغر بھی مرا ہوگیا تیروں کا نشانہ

Jannat ki taraf kar diya us ko bhi rawana
جنت کی طرف کردیا اس کو بھی روانہ

Sad shukr kisi ka nahin ab daagh uthana
صد شکر کسی کا نہیں اب داغ اٹھانا

Apna hi gala baqi hai ab mujh ko katana
اپنا ہی گلا باقی ہے اب مجھکو کٹانا

Qatil jo rawan khanjar-e-burran kare ga
قاتل جو رواں خنجر بران کرے گا

Wo bhi meri mushkil tu hi aasan kare ga
وہ بھی مری مشکل تو ہی آسان کرے گا

My Asghar too became the target of arrows;
I have sent him too on his way to paradise.
A hundred thanks: I have no one else's loss left to bear;
only my own throat remains to be cut.
When the killer drives the sharp dagger,
You alone will make that ordeal of mine easy too.

Free to read, copy and share

8

Kya karta agar sahib-e-aulad na hota
Hain la walad aksar tere bande mere Maula
Mujh par to inayat hi tera fazl-o-karam tha
Bete bhi diye rutba imamat ka bhi bakhsha
Sabir bhi hue aur unhen jaanbaz bhi dekha
Rifat se shahadat ki sarafraz bhi dekha

کیا کرتا اگر صاحب اولاد نہ ہوتا
ہیں لاولد اکثر ترے بندے مرے مولا
مجھ پر تو عنایت ہی ترا فضل و کرم تھا
بیٹے بھی دیے رتبہ امامت کا بھی بخشا
صابر بھی ہوئے اور انہیں جانباز بھی دیکھا
رفعت سے شہادت کی سرافراز بھی دیکھا

What would I have done had I not been given children?
Many of Your servants are childless, my Lord;
upon me Your grace and generosity were pure favour:
You gave me sons, and granted me the rank of Imamate too;
they were patient, and I saw them give their lives,
and I saw them raised high by the glory of martyrdom.

9

Har mu ki jagah tan pe agar mere zaban ho
Kab banda nawazi ka teri mujh se bayan ho
Rahat hai agar halq pe khanjar bhi rawan ho
Teeron ke maze se kabhi khatir na nishan ho
Irfan ke maze ko hai mera dil hi samajhta
Lazzat ko tarapne ki hai bismil hi samajhta

ہر مو کی جگہ تن پہ اگر میرے زباں ہو
کب بندہ نوازی کا تری مجھ سے بیاں ہو
راحت ہے اگر حلق پہ خنجر بھی رواں ہو
تیروں کے مزے سے کبھی خاطر نہ نشاں ہو
عرفاں کے مزے کو ہے مرا دل ہی سمجھتا
لذت کو تڑپنے کی ہے بسمل ہی سمجھتا

If in place of every hair on my body there were a tongue,
how could I tell of Your kindness to Your servant?
It is comfort even if the dagger runs across my throat;
the relish of the arrows can never be made plain to anyone.
Only my heart knows the relish of knowing You;
only the slaughtered know the pleasure of writhing.

Free to read, copy and share

10

Ki bhook mein aur pyaas mein khatir meri kya kya
کی بھوک میں اور پیاس میں خاطر مری کیا کیا

Faaqe mein tabaq khuld se nemat ka hai bheja
فاقے میں طبق خلد سے نعمت کا ہے بھیجا

Chhutpan mein jo roza rakha mah-e-Ramzan ka
چھٹپن میں جو روزہ رکھا ماہ رمضان کا

Tujh ko ye gawara hua pyaasa mera rehna
تجھکو یہ گوارا ہوا پیاسا مرا رہنا

Rahm aaya tujhe dekh saghiri mere sin ki
رحم آیا تجھے دیکھ صغیری مرے سن کی

Khursheed chhupa raat waheen ho gayi din ki
خورشید چھپا رات وہیں ہوگئی دن کی

How You cared for me in hunger and in thirst!
When I went without food, You sent a tray of blessings from paradise;
when in childhood I kept the fast of the month of Ramadan,
could You bear for me to stay thirsty?
Seeing how young I was, You took pity:
the sun hid, and the day turned to night then and there.

11

Aur aaj kai din ka jo hoon bhooka pyaasa
اور آج کئی دن کا جو ہوں بھوکا پیاسا

Kya jaante kya maslahat is mein hai samajhta
کیا جانتے کیا مصلحت اس میں ہے سمجھتا

Banda hoon tere amr mein hai dakhl mujhe kya
بندہ ہوں ترے امر میں ہے دخل مجھے کیا

Tashweesh bhi be ja hai taraddud bhi hai be ja
تشویش بھی بے جا ہے تردد بھی ہے بے جا

Khushnoodi mujhe teri hi matloob hai ya Rab
خوشنودی مجھے تیری ہی مطلوب ہے یارب

Jo kuchh teri marzi hai wahi khoob hai ya Rab
جو کچھ تیری مرضی ہے وہی خوب ہے یارب

And today, when I have been hungry and thirsty for days,
who can know what wise purpose You see in it?
I am Your servant: what right have I to meddle in Your command?
Anxiety is out of place, and worry too.
Your pleasure alone is what I seek, O Lord;
whatever You will is good, O Lord.'

Free to read, copy and share

12

Aada se phir is tarah se kehne lage sarwar
اعدا سے پھر اس طرح سے کہنے لگے سرور

Kya mujh ko samajhte nahin tum sibt-e-payambar
کیا مجھکو سمجھتے نہیں تم سبطِ پیمبرؐ

Main jhoot hoon kehta? nahin Zahra meri madar?
میں جھوٹ ہوں کہتا؟ نہیں زہراؑ مری مادر؟

Malauno! nahin main pisar-e-Haidar-e-safdar
ملعونو ! نہیں میں پسر حیدرؑ صفدر

Inkar hai tum ko meri aali nasabi ka?
انکار ہے تم کو مری عالی نسبی کا؟

Koi nahin Shabbir Rasool-e-Arabi ka?
کوئی نہیں شبیرؑ رسول عربی کا؟

Then the master spoke to the enemy like this:
'Do you not take me for the grandson of the Prophet (a)?
Am I lying? Is Zahra (a) not my mother?
You accursed! Am I not the son of Haidar (a), the breaker of ranks?
Do you deny my noble descent?
Is Shabbir (a) nothing to the Arabian Messenger?'

13

Malaoon sabhi ek zaban ho ke pukare
ملعون سبھی ایک زباں ہو کے پکارے

Tum sach hai nawase ho payambar ke hamare
تم سچ ہے نواسے ہو پیمبرؐ کے ہمارے

Aur Fatima Zahra ke ho tum bete pyare
اور فاطمہ زہرا کے ہو تم بیٹے پیارے

Baba hain Ali aur Hasan bhai tumhare
بابا ہیں علیؑ اور حسنؑ بھائی تمہارے

Bach jaao ge baiat mein jo hujjat na karo ge
بچ جاؤ گے بیعت میں جو حجت نہ کرو گے

Aur is mein taammul hai jo jeete na bacho ge
اور اس میں تامل ہے جو جیتے نہ بچو گے

The accursed all cried out with one voice:
'It is true, you are the grandson of our Prophet (a),
and you are the beloved son of Fatima Zahra;
Ali (a) is your father and Hasan (a) your brother.
You will be spared if you raise no objection to the pledge of allegiance;
but if you hesitate over it, you will not escape alive.'

Free to read, copy and share

14

Ye sun ke sar us shah ne pehle to jhukaya
یہ سن کے سر اس شاہ نے پہلے تو جھکایا

Phir to Umar-o-Shimr-e-sitamgar ko sunaya
پھر تو عمر و شمر ستمگر کو سنایا

Main teen sawal is ghari tum paas hoon laaya
میں تین سوال اس گھڑی تم پاس ہوں لایا

Ik un mein se ye kehta hoon main Zahra ka jaaya
اک ان میں سے یہ کہتا ہوں میں زہراؑ کا جایا

Namoos-e-payambar kahin le jaane do mujh ko
ناموس پیمبرؐ کہیں لے جانے دو مجھکو

Ab yaan se kisi simt nikal jaane do mujh ko
اب یاں سے کسی سمت نکل جانے دو مجھکو

Hearing this, the King first bowed his head,
then said to Umar ibn Saad and the cruel Shimr:
'At this hour I have brought you three requests;
I, the son of Zahra (a), make this the first of them:
let me take the women of the Prophet (a) away somewhere;
let me leave this place now, in any direction.

15

Maare hain jo tum ne mere khesh-o-pisar-o-yaar
مارے ہیں جو تم نے مرے خویش و پسر و یار

Us khoon ka iwaz tum se nahin lene ka zinhar
اس خوں کا عوض تم سے نہیں لینے کا زنہار

Is waaste is amr ko karta hoon main izhar
اس واسطے اس امر کو کرتا ہوں میں اظہار

Ta khoon mein apne na hoon main aap giraftar
تا خون میں اپنے نہ ہوں میں آپ گرفتار

Akbar na ho Qasim na ho Abbas na hoye
اکبرؑ نہ ہو قاسمؑ نہ ہو عباسؑ نہ ہوئے

Wo khaak jiye jis ke koi paas na hoye
وہ خاک جیئے جس کے کوئی پاس نہ ہوئے

For the kinsmen, sons and friends of mine you have killed
I will never take vengeance on you for that blood;
I say this openly
so that I may not myself be held guilty of my own blood.
When there is no Akbar (a), no Qasim (a), no Abbas (a),
how can one live who has no one left beside him?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

16

Farma chuke jab shah to ek ek ye bola
فرما چکے جب شاہ تو ایک ایک یہ بولا

Jaane den kahin aap ko ye hum se na hoga
جانے دیں کہیں آپ کو یہ ہم سے نہ ہوگا

Mazloomi se phir kehne laga wo shah-e-wala
مظلومی سے پھر کہنے لگا وہ شہہ والا

Gar ye na ho to paani pila do mujhe thora
گر یہ نہ ہو تو پانی پلا دو مجھے تھوڑا

Wo kehne lage ye bhi nahin hoye ga hum se
وہ کہنے لگے یہ بھی نہیں ہوئے گا ہم سے

Haan paani pila den ge dam-e-tegh-e-do dam se
ہاں پانی پلادیں گے دم تیغ دو دم سے

When the King had spoken, every one of them said,
'Let you go anywhere? That we shall not do.'
Then, wronged and helpless, the noble King said,
'If not that, then give me a little water to drink.'
They said, 'That too we shall not do;
yes, we will give you water from the edge of a two-edged sword.'

17

Shah ne kaha honton pe zaban sookhi phira kar
شہہ نے کہا ہونٹوں پہ زباں سوکھی پھرا کر

Hazir hoon karo zibah wale paani pila kar
حاضر ہوں کرو ذبح و لے پانی پلا کر

Tab bole laeen Shimr-e-sitamgar ko suna kar
تب بولے لعیں شمر ستمگر کو سنا کر

Ik jaam pila deven unhen nahr se la kar
اک جام پلا دیویں انہیں نہر سے لا کر

Wo bola jo paani ki madad hogi idhar se
وہ بولا جو پانی کی مدد ہوگی ادھر سے

Phir lar sako ge saqi-e-Kausar ke pisar se?
پھر لڑ سکو گے ساقی کوثر کے پسر سے ؟

Passing his dry tongue over his lips, the King said,
'Here I am: slaughter me, but give me water first.'
Then the accursed men said to the cruel Shimr,
'Let us bring a cup from the river and give it to him.'
He said, 'If he gets the help of water from this side,
will you then be able to fight the son of the Cupbearer of Kausar?'

Free to read, copy and share

18

Shah ne kaha gar paani pilana bhi hai dushwar
شہہ نے کہا گر پانی پلانا بھی ہے دشوار

To is ghari hamla na karo mujh pe sab ik baar
تو اس گھڑی حملہ نہ کرو مجھ پہ سب اک بار

Ek ek laro mujh se tum ae qaum-e-sitamgar
ایک ایک لڑو مجھ سے تم اے قوم ستمگار

Wo bole ke tum ho khalaf-e-Haidar-e-Karrar
وہ بولے کہ تم ہو خلف حیدرؑ کرار

Kasrat pe hai dam us pe kisi ke nahin dam mein
کثرت پہ ہے دم اس پہ کسی کے نہیں دم میں

Ek ek laren tum se ye taqat nahin hum mein
ایک ایک لڑیں تم سے یہ طاقت نہیں ہم میں

The King said, 'If even giving water is too hard for you,
then do not all attack me at once at this hour;
fight me one by one, you cruel people.'
They said, 'You are the son of Haidar-e-Karrar (a);
our courage rests on our numbers; beyond that no one has the breath for it;
we have not the strength to fight you one by one.

19

Farzand ho tum us ke jo tha qatil-e-Antar
فرزند ہو تم اس کے جو تھا قاتل عنتر

Walid ne tumhare hai ukhara dar-e-Khaibar
والد نے تمہارے ہے اکھاڑا در خیبر

Paai hi nahin fatah kisi fauj ne us par
پائی ہی نہیں فتح کسی فوج نے اس پر

Farzand se aise ke koi lar sake kyun kar
فرزند سے ایسے کے کوئی لڑ سکے کیوں کر

Jurat hai wahi tum mein wahi shaukat-o-shaan hai
جرات ہے وہی تم میں وہی شوکت و شاں ہے

Qabze mein tumhare wahi saif-e-do zaban hai
قبضے میں تمہارے وہی سیف دو زباں ہے

You are the son of the man who slew Antar;
your father tore out the gate of Khaibar;
no army ever won a victory over him;
how could anyone fight the son of such a man?
You have the same daring, the same majesty and glory;
the same two-edged sword is in your grip.'

Free to read, copy and share

20

Shah samjhe ke ek ek nahin larne ka hum se
شہہ سمجھے کہ ایک ایک نہیں لڑنے کا ہم سے

Kya gham hai ke hum sab se akele hi laren ge
کیا غم ہے کہ ہم سب سے اکیلے ہی لڑیں گے

Phir soo-e-falak haath utha kar lage kehne
پھر سوئے فلک ہاتھ اٹھا کر لگے کہنے

Main keh chuka aada se tere hukm ke nukte
میں کہہ چکا اعدا سے ترے حکم کے نکتے

Ae Khaliq-e-Akbar koi minnat nahin baqi
اے خالق اکبر کوئی منت نہیں باقی

Shahid mera tu rahiyo ke hujjat nahin baqi
شاہد مرا تو رہیو کہ حجت نہیں باقی

The King understood that they would not fight him one by one:
'What does it matter? I will fight them all alone.'
Then, raising his hands towards the sky, he began to say,
'I have told the enemy all the points of Your command;
O greatest Creator, no plea is left unmade;
be my witness that no argument is left.'

21

Ye keh ke parha fatiha aur tegh alam ki
یہ کہہ کے پڑھا فاتحہ اور تیغ علم کی

Aankhon mein sitamgaron ki ik bijli si chamki
آنکھوں میں ستمگاروں کی اک بجلی سی چمکی

Bhaagi hui sab jama hui fauj-e-sitam ki
بھاگی ہوئی سب جمع ہوئی فوج ستم کی

Us waqt ki kya shaan kahoon shah-e-umam ki
اس وقت کی کیا شان کہوں شاہ امم کی

Khaibar mein jo kuchh Haidar-e-Karrar ki saj thi
خیبر میں جو کچھ حیدر کرار کی سج تھی

Us roz wahi Zahra ke dildar ki saj thi
اس روز وہی زہرا کے دلدار کی سج تھی

So saying, he recited the Fatiha and raised his sword;
something like lightning flashed in the eyes of the cruel;
the army of cruelty, which had scattered, all gathered again.
How can I tell the splendour of the King of the nations at that hour?
The bearing that Haidar-e-Karrar had at Khaibar
was that day the bearing of Zahra's beloved.

Free to read, copy and share

22

Amama-e-mahboob-e-Khuda sar pe bandha tha
عمامہ محبوب خدا سر پہ بندھا تھا

Peshani-e-raushan na thi mah jalwa numa tha
پیشانی روشن نہ تھی مہ جلوہ نما تھا

Abru ko ajab kham yad-e-qudrat ke diya tha
ابرو کو عجب خم ید قدرت کے دیا تھا

Aankhon pe dil-e-Fatima sau ji se fida tha
آنکھوں پہ دل فاطمہؑ سو جی سے فدا تھا

Afrokhta tha soorat-e-gul roo-e-mubarak
افروختہ تھا صورت گل روئے مبارک

Sumbul se pare dosh pe gesu-e-mubarak
سنبل سے پڑے دوش پہ گیسوئے مبارک

The turban of God's beloved was tied upon his head;
it was not a shining forehead but the moon appearing;
the hand of divine power had given his brows a wondrous curve;
the heart of Fatima (a) would have given a hundred lives for his eyes;
his blessed face glowed like a rose;
his blessed locks lay on his shoulders like hyacinth.

23

Gul barg se lab sookhe hue pyaas ke maare
گل برگ سے لب سوکھے ہوئے پیاس کے مارے

Kausar ke qareeb aur lab-e-darya se kinare
کوثر کے قریب اور لب دریا سے کنارے

Hathiyar dalerana lagaye hue saare
ہتھیار دلیرانہ لگائے ہوئے سارے

Par dil ko ye dharka ke Sakina na pukare
پر دل کو یہ دھڑکا کہ سکینہ نہ پکارے

Pyaasi thi wo masooma jo chaubees pahar se
پیاسی تھی وہ معصومہ جو چوبیس پہر سے

Kheme ki taraf takte the hasrat ki nazar se
خیمے کی طرف تکتے تھے حسرت کی نظر سے

His lips, like rose petals, were parched with thirst;
close to Kausar, yet kept away from the river bank;
he bore all his arms boldly,
but his heart feared that Sakina might call out:
since that innocent girl had been thirsty for twenty-four watches,
he kept looking towards the tent with longing.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Jab fauj ne nargha kiya us shah pe ik baar
جب فوج نے نرغہ کیا اس شاہ پہ اک بار

Tab un mein dhansa wo khalaf-e-Haidar-e-kirdar
تب ان میں دھنسا وہ خلف حیدر کردار

Darya baha ik khoon ka ki aisi hi talwar
دریا بہا اک خون کا کی ایسی ہی تلوار

Ghabra ke pukara Umar-e-Saad-e-sitamgar
گھبرا کے پکارا عمر سعد ستمگار

Yun mat laro talwar nahin khaane ka Shabbir
یوں مت لڑو تلوار نہیں کھانے کا شبیر

Teeron ke siwa maar nahin khaane ka Shabbir
تیروں کے سوا مار نہیں کھانے کا شبیر

When the army closed in on the King all at once,
that son of Haidar, of Haidar's deeds, plunged in among them;
he wielded his sword so that a river of blood flowed.
The cruel Umar ibn Saad cried out in alarm,
'Do not fight like this: Shabbir will not fall to the sword;
Shabbir will not be struck down except by arrows.'

25

Ye sun ke kamandaron hi par ja pare Shabbir
یہ سن کے کمانداروں ہی پر جا پڑے شبیر

Us shah pe pehle hi chale the kai sau teer
اس شاہ پہ پہلے ہی چلے تھے کئی سو تیر

Bijli si chamakne jo lagi Haidari shamsheer
بجلی سی چمکنے جو لگی حیدری شمشیر

Aage se kahin bhaagne paaye na wo be peer
آگے سے کہیں بھاگنے پائے نہ وہ بے پیر

Kahe ko kabhi aise bahadur se lare the
کاہے کو کبھی ایسے بہادر سے لڑے تھے

Maidan mein kamandar tahi dast pare the
میداں میں کماندار تہی دست پڑے تھے

Hearing this, Shabbir fell upon the archers themselves;
several hundred arrows had already been shot at the King.
When the sword of Haidar began to flash like lightning,
those godless men could find nowhere to flee before him.
Had they ever fought such a hero before?
The archers lay on the field with empty hands.

Free to read, copy and share

26

Tarkash kahin bikhre the kahin teer zameen par
Aur saath kamanon ke gire haath bhi kat kar
Uftada kahin bazu kahin paaon kahin sar
Kuchh phenk kamanon ke tain bhaage bad akhtar
Kuchh aise musallah the ke lohon pe chhupe the
Par khauf se sehme hue goshon mein chhupe the

ترکش کہیں بکھرے تھے کہیں تیر زمیں پر
اور ساتھ کمانوں کے گرے ہاتھ بھی کٹ کر
افتادہ کہیں بازو کہیں پاؤں کہیں سر
کچھ پھینک کمانوں کے تئیں بھاگے بد اختر
کچھ ایسے مسلح تھے کہ لوہوں پہ چھپے تھے
پر خوف سے سہمے ہوئے گوشوں میں چھپے تھے

Quivers lay scattered here, arrows on the ground there,
and hands, cut off, had fallen along with the bows;
here lay an arm, there a foot, there a head;
some ill-starred men threw down their bows and ran.
Some were so well armed that they were hidden in iron,
yet they cowered in corners, terrified.

27

The teeron ke to zakhm tan-e-shah pe aksar
Talwaren bhi aur barchhiyan bhi parti thin tan par
Zakhmon ke sabab khoon mein ghora bhi hua tar
Kehne lage aada se mukhatib ho ye sarwar
Har kas ba lab-e-ma lab-e-saghar birasanad
Saghar ba labash saqi-e-Kausar birasanad

تھے تیروں کے تو زخم تن شاہ پہ اکثر
تلواریں بھی اور برچھیاں بھی پڑتی تھیں تن پر
زخموں کے سبب خون میں گھوڑا بھی ہوا تر
کہنے لگے اعدا سے مخاطب ہو یہ سرور
ہر کس بلب مالب ساغر برساند
ساغر بلبش ساقی کوثر برساند

Most of the wounds on the King's body were from arrows,
but swords and lances too were falling on his body;
from the wounds his horse too was soaked in blood.
Turning to the enemy, the master began to say:
'Whoever brings the rim of a cup to my lips,
the Cupbearer of Kausar will bring a cup to his lips.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

28

Aada ne kaha paani ka zinhar na lo naam
اعدا نے کہا پانی کا زنہار نہ لو نام

Haath aave ga firdaus mein Kausar ka tumhen jaam
ہاتھ آوے گا فردوس میں کوثر کا تمہیں جام

Go jaan chali jaati hai par pyaas ko lo thaam
گو جان چلی جاتی ہے پر پیاس کو لو تھام

Is baat ko bas sunte hi phir taul ke samsam
اس بات کو بس سنتے ہی پھر تول کے صمصام

Aise lare jo fauj kai baar hatai
ایسے لڑے جو فوج کئی بار ہٹائی

Paani jo mila hota to thi fatah larai
پانی جو ملا ہوتا تو تھی فتح لڑائی

The enemy said, 'Do not so much as mention water;
you will get the cup of Kausar in paradise;
though your life is ebbing away, hold back your thirst.'
As soon as he heard this, he weighed his sword again
and fought so that he drove the army back several times;
had he had water, the battle would have been won.

29

Pyaase ne jo hamle kiye lashkar pe kai baar
پیاسے نے جو حملے کئے لشکر پہ کئی بار

Thi dhoop kari sookh gaye laal-e-guharbar
تھی دھوپ کڑی سوکھ گئے لعل گہربار

Aur maare paseene ke laga haanpne rahwar
اور مارے پسینے کے لگا ہانپنے رہوار

Nazdeek tab aa kar Umar-e-Saad ne ik baar
نزدیک تب آکر عمر سعد نے اک بار

Targheeb jo ki lashkar-e-be peer ko aa kar
ترغیب جو کی لشکر بے پیر کو آکر

Phir gher liya fauj ne Shabbir ko aa kar
پھر گھیر لیا فوج نے شبیر کو آکر

When the thirsty one had charged the army several times,
the sun was fierce, and his pearl-shedding ruby lips dried up,
and his steed, drenched in sweat, began to pant.
Then Umar ibn Saad came near and at once
urged on the godless army,
and the army closed in and surrounded Shabbir again.

Free to read, copy and share

30

Kehta tha sawaron se pas-e-pusht ye har dam
کہتا تھا سواروں سے پس پشت یہ ہر دم

Phir teer jawano chalen Shabbir pe paiham
پھر تیر جوانو چلیں شبیر پہ پیہم

Be haal hai na pyaas hai taqat hai bahut kam
بے حال ہے نہ پیاس ہے طاقت ہے بہت کم

Lar sakne ka na tum se nahin kijo na kuchh gham
لڑ سکنے کا نہ تم سے نہیں کیجو نہ کچھ غم

Ghoron ko barhaye raho peechhe ko na sarko
گھوڑوں کو بڑھائے رہو پیچھے کو نہ سرکو

Ghash aata hai koi aan mein Zahra ke pisar ko
غش آتا ہے کوئی آن میں زہرا کے پسر کو

From behind, he kept telling the horsemen:
'Young men, let the arrows fly at Shabbir again without pause;
he is spent, he is thirsty, his strength is very low;
he cannot fight you now; have no fear at all.
Keep your horses pressing on, do not fall back;
any moment now the son of Zahra will faint.'

31

Ye sunte hi sab teer lage maarne ik baar
یہ سنتے ہی سب تیر لگے مارنے اک بار

Aur us tan-e-tanha pe hui teeron ki bauchhar
اور اس تن تنہا پہ ہوئی تیروں کی بوچھار

Tan chhan gaya har zakhm se lohu ki chhuti dhaar
تن چھن گیا ہر زخم سے لوہو کی چھٹی دھار

Sambhla na gaya ghore pe us zakhmi se zinhar
سنبھلا نہ گیا گھوڑے پہ اس زخمی سے زنہار

Gehre the zabas zakhm tan-e-sarwar-e-deen par
گہرے تھے زبس زخم تن سرور دیں پر

Ghash aa gaya mazloom ko girte hi zameen par
غش آگیا مظلوم کو گرتے ہی زمیں پر

Hearing this, they all began to shoot arrows at once,
and a shower of arrows fell upon that lone man;
his body was riddled, and from every wound a stream of blood burst out;
the wounded man could no longer keep his seat on the horse.
So deep were the wounds on the body of the master of the faith
that the wronged one fainted as soon as he fell to the ground.

Free to read, copy and share

32

Zakhmi ne bahut aap ko uth uth ke sambhala
زخمی نے بہت آپ کو اٹھ اٹھ کے سنبھالا

Par zof jo tha let gaya wo shah-e-wala
پر ضعف جو تھا لیٹ گیا وہ شہہ والا

Ghash mein bhi kai baar lahu munh se jo daala
غش میں بھی کئی بار لہو منہ سے جو ڈالا

Phir hil na saka Fatima ki god ka paala
پھر ہل نہ سکا فاطمہ کی گود کا پالا

Dikhla ke Umar kehne laga Shimr-e-laeen ko
دکھلا کے عمر کہنے لگا شمر لعیں کو

Ab to harkat bhi nahin jism-e-shah-e-deen ko
اب تو حرکت بھی نہیں جسم شہہ دیں کو

Again and again the wounded man tried to raise himself,
but he was so weak that the noble King lay down;
when even in his faint he had brought up blood several times,
the one raised in Fatima's lap could move no more.
Pointing to him, Umar ibn Saad said to the accursed Shimr,
'Now the body of the King of the faith does not even stir;

33

Tu kaate agar tan se sar-e-Sayyid-e-mazloom
تو کاٹے اگر تن سے سر سید مظلوم

Akhbar mein ho fatah tere naam par marqoom
اخبار میں ہو فتح تیرے نام پر مرقوم

Rutba jo tera hoga wo tujh ko nahin maloom
رتبہ جو ترا ہوگا وہ تجھکو نہیں معلوم

Hakim ke jo sar karde hain hon ge tere mahkoom
حاکم کے جو سر کردے ہیں
ہوں گے تیرے محکوم

Tu farq bara paave ga aage mein aur ab mein
تو فرق بڑا پاوے گا آگے میں اور اب میں

Izzat teri hoye gi shujaan-e-Arab mein
عزت تری ہوئے گی شجاعان عرب میں

if you cut the head of the wronged Sayyid from his body,
the victory will be written in the chronicles in your name;
you do not know what rank will be yours:
the ruler's chief men will be under your command;
you will find a great difference between then and now;
you will be honoured among the champions of Arabia.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

34

Ye sun ke wo aage barha khenche hue khanjar
یہ سن کے وہ آگے بڑھا کھینچے ہوئے خنجر

Aur shah ki charha chhaati pe ghore se utar kar
اور شہہ کی چڑھا چھاتی پہ گھوڑے سے اتر کر

Mazloom ko jab zibah laga karne sitamgar
مظلوم کو جب ذبح لگا کرنے ستمگر

Kis bekasi se dekhta tha haaye wo sarwar
کس بے کسی سے دیکھتا تھا ہائے وہ سرور

Qatil tha charha seena-e-sad chaak ke upar
قاتل تھا چڑھا سینۂ صد چاک کے اوپر

Khanjar se tapakta tha lahu khaak ke upar
خنجر سے ٹپکتا تھا لہو خاک کے اوپر

Hearing this, he stepped forward with his dagger drawn,
got down from his horse and climbed onto the King's chest.
When the cruel man began to slaughter the wronged one,
with what helplessness, alas, that master looked on!
The killer sat upon the breast torn in a hundred places;
blood dripped from the dagger onto the dust.

35

Jis waqt juda ho gaya tan se sar-e-Shabbir
جس وقت جدا ہوگیا تن سے سر شبیر

Tab gesu pakar shah ke wo zalim-e-be peer
تب گیسو پکڑ شاہ کے وہ ظالم بے پیر

Latkaye hue sar ko utha kar ke ye taqreer
لٹکائے ہوئے سر کو اٹھا کر کے یہ تقریر

Khanjar se hua zibah ajab sahib-e-shamsheer
خنجر سے ہوا ذبح عجب صاحب شمشیر

Dilband-e-Nabi Ibn-e-Yadullah ko maara
دلبند نبی ابن ید اللہ کو مارا

Wallah do aalam ke shahanshah ko maara
واللہ دو عالم کے شہنشاہ کو مارا

When Shabbir's head had been parted from his body,
the godless tyrant seized the King's locks,
lifted the head, letting it hang, and made this speech:
'A wondrous master of the sword has been slaughtered with a dagger!
I have killed the darling of the Prophet, the son of the Hand of God;
by Allah, I have killed the emperor of both worlds!'

Free to read, copy and share

36

Ye keh ke charhaya sar-e-Shabbir sinan par
یہ کہہ کے چڑھایا سر شبیر سناں پر

Wo chaand sa munh shah ka tha khoon mein sab tar
وہ چاند سا منہ شاہ کا تھا خون میں سب تر

Gaalon pe latakte hue gesu-e-muanbar
گالوں پہ لٹکتے ہوئے گیسوئے معنبر

Sajde ka nishan maathe pe tha ghairat-e-akhtar
سجدے کا نشاں ماتھے پہ تھا غیرت اختر

Neze pe sarafraz tha khail-e-shuhada mein
نیزے پہ سرافراز تھا خیل شہدا میں

Aankhen thin mundi hilte the lab yaad-e-Khuda mein
آنکھیں تھیں مندی ہلتے تھے لب یاد خدا میں

So saying, he raised Shabbir's head upon a spear;
the King's moonlike face was all soaked in blood,
his fragrant locks hanging over his cheeks;
the mark of prostration on his forehead put the stars to shame.
On the spear he stood exalted among the host of martyrs;
his eyes were closed, his lips moved in remembrance of God.

37

Phir ran se chale khema-e-Shabbir pe aada
پھر رن سے چلے خیمہ شبیر پہ اعدا

Aur gher liya bibiyon ko baandh ke halqa
اور گھیر لیا بیبیوں کو باندھ کے حلقہ

Jab bhaagne ko un ke na rakha koi rasta
جب بھاگنے کو ان کے نہ رکھا کوئی رستہ

Tab aag qanaton ko laga Shimr ye bola
تب آگ قناتوں کو لگا شمر یہ بولا

Ab dar na koi loot nahin mana kisi ko
اب ڈر نہ کوئی لوٹ نہیں منع کسی کو

Ab shauq se sab loot lo namoos-e-Nabi ko
اب شوق سے سب لوٹ لو ناموس نبی کو

Then the enemy went from the battlefield to Shabbir's tents
and closed a ring around the ladies;
when they had left them no way of escape,
Shimr set fire to the tent-walls and said,
'Fear nothing now: plunder is forbidden to no one;
now plunder the women of the Prophet's house as you please.'

Free to read, copy and share

38

Nagah lagi aag qanaton mein bharakne
ناگاہ لگی آگ قناتوں میں بھڑکنے

Aur jal ke saraachon ke lage baans karakne
اور جل کے سراچوں کے لگے بانس کڑکنے

Bewaon ke kaleje lage seenon mein dharakne
بیوؤں کے کلیجے لگے سینوں میں دھڑکنے

Garmi se lage godiyon mein bachche pharakne
گرمی سے لگے گودیوں میں بچے پھڑکنے

Namoos-e-Nabi par ajab aafat ki ghari thi
ناموس نبی پر عجب آفت کی گھڑی تھی

Par bibi ka parda kiye har laundi khari thi
پر بی بی کا پردہ کیے ہر لونڈی کھڑی تھی

Suddenly the fire blazed up in the tent-walls,
and the bamboo poles of the pavilions crackled as they burned;
the widows' hearts began to pound in their breasts;
in the heat the children began to writhe in their arms.
It was a terrible hour of calamity for the women of the Prophet's house,
yet every maid stood screening her lady.

39

Sajjad ye kehta tha ke baba gaya maara
سجاد یہ کہتا تھا کہ بابا گیا مارا

Bas sunte hi ye Bano ne zewar ko utara
بس سنتے ہی یہ بانو نے زیور کو اتارا

Asbab har ik raand ka lutne laga saara
اسباب ہر اک رانڈ کا لٹنے لگا سارا

Ja baithe zar-o-maal se sab kar ke kinara
جا بیٹھے زر و مال سے سب کر کے کنارا

Haathon ke tale chehre the namoos-e-Nabi ke
ہاتھوں کے تلے چہرے تھے ناموس نبی کے

Chadar bhi rahi naam ko sar par na kisi ke
چادر بھی رہی نام کو سر پر نہ کسی کے

Sajjad was saying, 'Father has been slain';
as soon as Bano heard this, she took off her jewellery;
all the belongings of every widow began to be plundered;
they all went and sat apart, leaving gold and goods behind.
The faces of the Prophet's women were hidden beneath their hands;
not one of them was left so much as a sheet on her head.

Free to read, copy and share

40

Jab loot chuke Aal-e-Muhammad ko jafa kar
جب لوٹ چکے آل محمد کو جفا کار

Aur aag se bhi jal chuke sab khema-e-athar
اور آگ سے بھی جل چکے سب خیمۂ اطہار

Phir oont sawari ke liye laaye wo ashrar
پھر اونٹ سواری کے لیے لائے وہ اشرار

Sar nange un oonton pe charhi itrat-e-nachar
سر ننگے ان اونٹوں پہ چڑھی عترت ناچار

Ab raah ka ahwal Khaleeq aage kahe kya
اب راہ کا احوال خلیقؔ آگے کہے کیا

Kya zulm hue ranj aseeron ne sahe kya
کیا ظلم ہوئے رنج اسیروں نے سہے کیا

When the cruel had finished plundering the family of Muhammad,
and all the tents of the pure had burned in the fire,
the wicked brought camels for them to ride;
bareheaded, the helpless family of the Prophet mounted those camels.
What more can Khaleeq now tell of the road ahead,
of the cruelties done, of the sorrows the captives bore?

Printed from https://fzic.org/library/noha/jab-asghar-e-masoom-ki-gardan-pe-laga-teer-50016 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.